Appendix 7p:

Bradford Cross Main Urdu Leaflet

YorkshireWater

بریڈفورڈ کی واٹر سپلائی میں ضروری اصلاحات



اس موسم گرما میں ہم بوسیدہ ہوتی ہوئی صاف پانی کی وہ پائپیں تبدیل کر رہے ہیں جو بریڈفورڈ میں ٹالر لین، وہیٹلے ہل، وہائٹ ایبے روڈ، ویسٹ گیٹ اور راسن روڈ کے نیچے سے جاتی ہیں۔

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہم مقامی باشندوں کو اعلی درجہ کا پینے کا پانی مہیا کرتے ہیں، یہ اسکیم ہمارے کیپٹل پارٹنر، موریسن یوٹیلیٹی سروسز (MUS)، کے ذریعہ مکمل کی جائے گی۔

ہم نے بریڈفورڈ کونسل کے ہائیویز ڈپارٹمنٹ اور بس کمپنیوں سے قریبی طور پر رابطہ کیا ہے تاکہ اس اسکیم کے ہر مرحلہ میں کم سے کم خلل پیدا ہو۔

کام کی نوعیت کی وجہ سے، اور ہماری آن سائٹ ٹیم اور سڑک استعمال کنندگان کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے، ہمیں کچھ ایسی سڑکوں کو بند کرنا ہوگا جو بریڈفورڈ شہر کے مرکز کی طرف جاتی ہیں۔

یہ اصلاحات جلد سے جلد مکمل کرنے کے لیے ہمارے بنیادی کام کے اوقات 8 بجے صبح سے 6 بجے شام تک، ہفتہ میں سات دن، ہوں گے۔ ایسے اوقات بھی پیش آسکتے ہیں جب ہمیں تھوڑی دیر اور کام کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اس کام سے متعلق مزید معلومات کے لیے

yorkshirewater.com/westbradford دیکھیں

اس کام کے بارے میں مزید معلومات:

دیکھیں yorkshirewater.com/westbradford

ہماری ویب سائٹ کے واسطہ سے مفت کال بیک سروس
کوئی ویٹنگ ہولڈ پر نہیں رکھی جائے گی، ایک آسان سا فارم پر کریں اور ہمارے صلاح کاروں میں سے کوئی جلد از جلد آپ کو کال بیک کرے گا۔

ہم سے رابطہ کرنے کے دیگر طریقے:

ہماری ویب سائٹ پر ہم سے براہ راست بات کریں

ہمیں ٹویٹ کریں @YWHelp

ہم سے فیس بک پر رابطہ کریں

ہمیں درج ذیل پتہ پر لکھیں
PO Box 52, Bradford, BD3 7YD

کوئی سوالات:

ہاؤس ہولڈ کسٹمرز
برائے مہربانی ہماری کسٹمر سروس ٹیم سے **0344 848 1099** پر رابطہ کریں (پیر تا جمعرات 8 بجے صبح سے 5.30 بجے شام تک اور جمعہ کو 8 بجے صبح سے 5 بجے شام تک)۔

بزنس کسٹمرز
یہ منصوبہ بند کام ہے اس لیے برائے مہربانی اپنے ریٹیلر سے رابطہ کریں۔

اہم معلومات:

ہم یہ ضروری کام انجام پانے کے وقت اس کی وجہ سے ہونے والی کسی بھی تکلیف کے لیے معذرت خواہ ہیں اور آپ کے صبر و تحمل کے لیے آپ کا پیشگی شکریہ ادا کرتے ہیں۔

مقامی کاروبار حسب معمول چالو رہیں گے اور ہم درخواست کرتے ہیں کہ برائے مہربانی آپ اس وقت کے دوران ان کا تعاون جاری رکھیں۔

کام انجام دینے کے دوران ہمیں آپ کی واٹر سپلائی میں رکاوٹ ڈالنے کی ضرورت نہیں پڑنی چاہیے۔ گاہکوں کو کسی بھی منصوبہ بند رکاوٹ کے بارے میں پیشگی اطلاع دی جائے گی۔

کوڑے اٹھانے کے کام متاثر نہیں ہوں گے، اس لیے ہم باشندوں سے درخواست کرتے ہیں کہ برائے مہربانی اپنے کوڑے دان حسب معمول رکھیں۔

بس سروسیز سے متعلق معلومات میٹرو کی ویب سائٹ **www.wymetro.com** پر یا انہیں **0113 348 1621** پر کال کرکے مل سکتی ہیں۔

ہم سڑکیں بند ہونے یا راستے بدلنے کی وجہ سے ہونے والی اضافی سفری لاگتوں کے لیے معاوضہ نہیں ادا کر سکیں گے۔

YWS2155 05/2018

Yorkshire Water Services Limited, Western House, Halifax Road, Bradford, BD6 2SZ. انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ نمبر 2366682

ٹالر لین
تا ویسٹ گیٹ
روڈ کے کام
موسم گرما 2018

بریڈفورڈ کی واٹر سپلائی میں سرمایہ کاری

YorkshireWater

مرحلہ ایک (تخمینی تاریخیں)

29 مئی - 20 جون 2018

اسکیم کے پہلے مرحلے میں ٹالر لین کے چرچ اسٹریٹ کے چوک سے لے کر کارلسلے روڈ کے چوک تک شہر کی طرف جانے والی گاڑیاں بند کی جائیں گی۔ ٹالر لین سے متصل ایش ویل روڈ چوک بھی بند کر دیا جائے گا۔

گاڑیاں ابھی بھی شہر کے مرکز سے باہر نکلنے کے لیے ان سڑکوں کا استعمال کر سکیں گی۔

اس مرحلے کے دوران للی کروفٹ روڈ، اوک لین، سینٹ میریز روڈ، اسکنر لین اور کارلسلے روڈ کا استعمال کرنے والی بسوں سے شہر کی طرف جانے والے مسافروں کے لیے اپنے عام راستے کی طرف واپس ہونے سے پہلے شہر کے مرکز کی طرف جانے والی بسوں کو دوسری طرف موڑ دیا جائے گا۔

بریڈفورڈ شہر کے مرکز سے باہر جانے والی خدمات متاثر نہیں ہوں گی۔

کلید

- شہر کی طرف جانے والی گاڑیوں کے لیے بند سڑکیں
- آفیشل ڈائورژن روٹ

مرحلہ دو (تخمینی تاریخیں)

21 جون - 16 جولائی 2018

یہ مرحلہ وہیٹلے ہل سے وہائٹ ایبے روڈ تک اس کے سٹی روڈ سے متصل چوک پر ہوگا۔

شہر کے مرکز کی طرف جانے والی گاڑیوں کے لیے ان سڑکوں کو بند کرنا ضروری ہوگا۔ راستے بدلنے کے عمل کارلسلے روڈ سے میننگھم لین تک یا متبادل کے طور پر وہیٹلے لین سے تھارنٹن روڈ تک بروئے کار لائے جائیں گے۔

گاڑیاں ابھی بھی شہر کے مرکز سے باہر جانے کے لیے وہائٹ ایبے روڈ اور وہیٹلے ہل کا استعمال کر سکیں گی۔

اس مرحلے کے دوران کارلسلے روڈ اور لمب لین کا استعمال کرنے والی بسوں سے شہر کی طرف جانے والے مسافروں کے لیے ویسٹ گیٹ پر اپنے راستے سے جا ملنے سے پہلے شہر کے مرکز کی طرف جانے والی بسوں کو دوسری طرف موڑ دیا جائے گا۔

بریڈفورڈ شہر کے مرکز سے باہر جانے والی خدمات متاثر نہیں ہوں گی۔

مرحلہ تین (تخمینی تاریخیں)

16 جولائی - 11 اگست 2018

مرحلہ تین ویسٹ گیٹ سے، سٹی روڈ سے متصل اس کے چوک پر، اور وہائٹ ایبے روڈ سے راسن روڈ سے متصل اس کے چوک تک ہے۔

شہر کے مرکز کی طرف جانے والی گاڑیاں سٹی روڈ سے سن بریج روڈ کی طرف یا کارلسلے روڈ سے میننگھم لین کی طرف موڑ دی جائیں گی۔

گاڑیاں ابھی بھی شہر کے مرکز سے باہر جانے کے لیے ویسٹ گیٹ اور وہائٹ ایبے روڈ کا استعمال کر سکیں گی۔

کارلسلے روڈ، لمب لین، بولینڈ اسٹریٹ، میننگھم لین، ڈریوٹن روڈ اور ویسٹ گیٹ استعمال کرنے والی 317 اور 618 نمبر والی بسوں سے شہر کی طرف جانے والے مسافروں کے لیے اور خدمات 633، 634 اور 737 بواسطہ میننگھم لین، چیپ سائڈ اور مارکیٹ اسٹریٹ سے شہر کے مرکز کی طرف جانے والی بسوں کو دوسری طرف موڑ دیا جائے گا۔

بریڈفورڈ شہر کے مرکز سے باہر جانے والی خدمات متاثر نہیں ہوں گی۔

مرحلہ چار

آخری چوتھے مرحلہ میں راسن روڈ کا جزوی طور پر بند کرنا شامل ہوگا۔ مقامی راستے بدلنے کے عمل 12 اگست سے تین ہفتے تک بروئے کار لائے جائیں گے۔

اس کام کے دوران بس خدمات پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔